لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۳	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۳ جمادی الثانی ۱۳۴۳ھ مطابق ۱۹ جنوری ۱۹۲۵ء	جلد ۳۷

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	اضافہ منصرم اسلحہ خانہ عام -	۱
۲	انتظامات بسلسلہ رخصت منصرم جی -	۲
۳	رخصت اعجاز حسین امید نندل -	〃
۴	اضافہ محمد نبی خان میگزار اصطبل -	〃
۵	اعلان کتب جدید الطبع	〃
۶	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ

۱۰ جنوری ۱۹۲۵ء

حسب رپورٹ کرنل صاحب بہادر بریگیڈ کمانڈر منصرم اسلحہ خانہ عام کی موجودہ تنخواہ میں پانچ روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقع ۱۲ر جنوری ۱۹۲۵ء

منشی محمد حسن منصرم جی کی چند ماہ کی رخصت اجلاس ہمایون سے منظور ہوگئی ہی۔ بموجب حکم اجلاس ہمایون ایام رخصت مین منصرم مذکور کو دس روپیہ ماہوار اسکی تنخواہ ملا کریگی۔ اور بقیہ تیس روپیہ جو تنخواہ نامبردہ سے بچتے ہین وہ حسب انتظام ذیل جنکے سپرد کام کیا گیا ہی بطریق الاونس ماہوار تقسیم ہوا کرینگے۔

نمبر شمار	نام عہدہ	موجودہ تنخواہ	الاونس	کیفیت بابت تقسیم کام
۱	محمد علی خان ناظر جی	[illegible]	[illegible]	منصرم جی کا کام کرینگے
۲	اشفاق حسین خان اہلمد جی	[illegible]	[illegible]	ناظر جی کا کام متعلق ہوگا
۳	عظمت علی خان نقلنویس تنقیح	[illegible]	[illegible]	اہلمد جی کا کام
۴	عبدالعزیز خان اہلمد اجرا خفیفہ	[illegible]	[illegible]	نقلنویس دیوانی کا کام
۵	سید رضا الحق محرر رجسٹری صدر	[illegible]	[illegible]	اہلمدی اجرا خفیفہ
۶	سید عبدالقایم تقرر جدید برادر سید حامد شاہ صاحب قاضی شہر	.	[illegible]	عارضی طور پر تا اس انتظام کے صیغہ رجسٹری مین کام انجام دینگے۔

اسسٹنٹ ناظر کے پہلے نظارت کا کام سپرد کیا گیا تھا لیکن اُنھون نے کام نظارت کا خراب کر دیا تھا۔ اسلئے اب اُنکی نظارت کا کام سپرد کرنا مناسب معلوم نہین ہوا۔ مگر منصرم جی کے کام مین ترتیب نقشہ جات کا کام اسسٹنٹ ناظر سے لیا جائیگا۔ علاوہ پیشکار جی کے محمد علی خان منصرم جی بھی نظارت کے کام کی نگرانی رکھینگے کہ مطابق ہدایات اندراجات وغیرہ رجسٹر مین وقت پر ہوتا ہی۔ اور یہ کہ کوئی رقم تو ناظر کے پاس خلاف ہدایت نہین ہی۔ جن اہلکاران کو کہ الاونس تنخواہ منصرم جی سے دلانا تجویز کیا گیا ہی وہ حسب صراحت بالا کام انجام دینگے۔ اور برآوردہ مین بدستور اپنی اپنی تنخواہ متعلقہ سے پائینگے اور الاونس ہر ایک کا مع تقرر جدید سید عبدالقایم کے جی سے باندراج برآورد ملا کریگا۔ اس حکم کا نفاذ تاریخ ۱۵ر جنوری ۱۹۲۵ء سے ہوگا۔

بنابران حکم ہوا کہ

احکام حسب ضابطہ جاری ہوں جو منظوری رخصت شامل ہی۔

صاحبزادہ ... جوڈیشل سکریٹری بہادر

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
رخصت

۱۲ر جنوری ۱۹۲۵ء

حسب تحریر صاحب مہتمم بندوبست۔ اعجاز حسین خان اہلمد نزول کی رخصت یکم دسمبر ۱۹۲۴ء سے ۲۱ر دسمبر ۱۹۲۴ء تک با نتظام سابقہ منظور ہوی۔

ملخص حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر
اضافہ

۹ر جنوری ۱۹۲۵ء

حسب رپورٹ افسر صاحب اصطبل منشی محمد نبی خان پیشکار اصطبل کی تنخواہ موجودہ مین دو روپیہ ماہوار اضافہ بوجہ حسن انجام دہی خدمات و ملازمت دیرینہ منظور کیا گیا۔

علمی ذخیرہ

اعلیحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہوکر طبع ہوگئی ہین ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہی۔ اس نادر موقع سے ضرور فائدہ اٹھایئے خود بھی خرید فرما کر پڑھیے اور احباب کو بھی دکھایئے

قول شافی یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اردو ترجمہ ہی اسکی عمدگی اسکے نام سے ظاہر ہی جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہی قیمت علاوہ محصولڈاک عہ ہے ہی

التوحید یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہی اسمین خداوند عالم کے وجود اسکی توحید اور صفات پر مفصل بحث کیگئی ہی اس کی قیمت بھی علاوہ محصولڈاک عہ ہے

خصائص معاویہ یہ کتاب حصہ چہارم جلد اول کتاب جامع کے ملحقات مین ہی جو دراصل محمد بن عقیل اشعری کی مشہور کتاب نصائح کا ترجمہ ہی بعض مطالب کا اسمین اضافہ کیا گیا ہی قیمت علاوہ محصولڈاک عہ ہے جسقدر نسخہ مطلوب ہون درخواست منصرم صاحب کتبخانہ کے نام بھیجی جائے۔

ذوالفقار حسین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من انگریزی ۱۲ لغایت ۱۸ جنوری ۱۹۲۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۰-۶		۱۰-۶	۱۰-۶	۷	۱۰-۶	
نخود خالص	۹	۰	۹	۸	۸	۸	
نخود کستہ آمیز	۹		۹	۹	۰	۹	
کستہ	۹		۹	۸	۰	۹	
ماش	۷		۷	۷	۷	۷	
مونگ	۷		۷	۰	۰	۷	
مکا	۹		۸	۹	۱۰	۹	
جئی	۹		۰	۹	۰	۱۱	
گوجئی	۹		۰	۰	۰	۹	
مسور	۹		۰	۷	۰	۷	
ارہر	۱۳		۰	۰	۰	۱۰	
برنج	۳		۳	۵	۰	۳	
روغن زرد	۶ چھٹانک		۱۰	۱۰	۱۰	۱۰	
روغن سیاہ	[illegible]		[illegible]	۱	[illegible]	[illegible]	
روغن کنجد	۱		۰	[illegible]	۱	۱	
تاپلھر	۱۲		۱	۱۰	۱۱	۱۱	
نمک لاہوری	۷		۷	۵	۰	۶	
قند سیاہ	۲		۷	۷	۲	۲	
باجرہ	[illegible]		۸	۰	۰	۰	